SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XV مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XV OF 1984

سندھ ریس کورسز لائسنسگ (ترمیم) آرڈیننس، 1984

THE SIND RACE COURSES LICENSING (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Act III of 1912

۳۔ سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 3 کی ترمیم۔

Amendment of Section 3 of Sind Act III of 1912

۴۔ سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 4 کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sind Act III of 1912

۵۔ سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 7 کی ترمیم۔

Amendment of Section 7 of Sind Act III of 1912

سندھ آرڈیننس نمبر XV مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XV OF 1984

سندھ ریس کورسز لائسنسگ (ترمیم) آرڈیننس، 1984

THE SIND RACE COURSES LICENSING (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۷ ستمبر ۱۹۸۴]

آرڈیننس جس سے سندھ ریس کورسز لائسنسگ ایکٹ، 1912، میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ وفاقی شرعی عدالت نے سندھ ریس کورسز لائسنسگ ایکٹ، 1912 میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

جیسا کہ سندھ ریس کورسز لائسنسگ ایکٹ، 1912 میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

لہذا اس لئے 5 جولائی 1977 کے اعلان اور عبوری آئین 1981 کے حکم کی تکمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نافذ کرنا فرماتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ ریس کورسز لائسنسگ (ترمیم) آرڈیننس، 1984 کہا جائے گا۔

سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

section 2 of Sindh Act III of 1912

۲۔ سندھ ریس کورسز لائسنسگ ایکٹ، 1912 کے نافذ ہونے کے بعد جس کو اب بھی ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2 کی شق(a) میں آنے والے الفاظ اور کاما ” یا کسی ایسے داء لگانے یا شرط پر جو کسی گھوڑے، گھوڑی یا سوار پر لگائے جائے“ کو حذف کیا جائے گا۔

سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 3 کی ترمیم۔
Amendment of Section 3 of Sind Act III of 1912

۳۔ اس ایکٹ کے تحت دفعہ 3 میں ذیلی دفعہ (2) کے بعد مندرجہ یل نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا:-

”(3) لائسنس میں کوئی ایسی شرط نہیں ہوگی جوداء لگانے یا شرط رکھنے کی اجازت دے“۔

سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 4 کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sind Act III of 1912

۴۔ اس ایکٹ کی دفعہ 4، کی ذیلی دفعہ (3) کو حذف کیا جائے گا۔

سندھ ایکٹ III مجریہ 1912 کی دفعہ 7 کی ترمیم۔
Amendment of Section 7 of Sind Act III of 1912

۵۔ اس ایکٹ کی دفعہ 7 کی ذیلی دفعہ 2 کو حذف کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔